Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# ججز تقرری آئینی ترامیم پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِ عمل

ملک میں اداروں کی جو تباہی ہو رہی ہے ججز تقرری آئینی ترامیم اسی روایت کا تسلسل ہے، ترجمان تحریک انصاف

حکومت نے پچھلے دو سالوں میں ہر وہ فیصلہ کیا ہے جس سے آئین و قانون کی بالادستی کو نقصان پہنچتا ہے اور ادارے کمزور ہوتے ہیں،

اداروں کی مضبوطی اور مضبوط ریاست بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کا وژن ہے، ترجمان تحریک انصاف

موجودہ حکمران اداروں کو اس لئے کمزور کرتے ہیں تاکہ اپنے غیر قانونی اور غیر آئینی ایجنڈے کو آگے بڑھا سکیں،

چیف جسٹس آف پاکستان نے اپنی مدت ملازمت کے پورے عرصے کے دوران بطور چیف جسٹس جو طرزِ عمل اختیار کیا ہے وہ آئین و قانون کے حوالے سے نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے، ترجمان تحریک انصاف

چیف جسٹس قاضی فائز عیسی نے آئین و قانون کی بالادستی پر سمجھوتہ کرکہ اپنے منصب کی وقعت کو کم کیا ہے،

قاضی فائز عیسی نے عدلیہ کی آزادی میں ماورائے دستور اور ماورائے جمہوریت قوتوں کا دروازہ کھولا ہے جس کے بھیانک اثرات دوررس ہونگے،

قوم یہ سمجھ رہی ہے کہ کس طرح ایک جمہوری پارٹی سے بلے کا نشان چھیننے اور اس کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے میں سہولت کاری کی گئی ہے جس کا معاوضہ چیف جسٹس صاحب کو ایک ایکسٹینشن کی صورت میں مل رہا ہے،

چیف جسٹس مدت ملازمت میں توسیع ایک رشوت کے طور پر لے رہے ہیں جو کہ نہایت شرمناک اور قابل مذمت ہے، پاکستان کا دستور ایسے کسی بھی مخصوص شخص کیلیئے آئین میں ترامیم کی اجازت نہیں دیتا، قانون سازی ہمیشہ ان موضاعات پر کی جاتی ہے جہاں اجتماعی مفاد ہو،

پاکستان تحریک انصاف اس ترامیم کی ہر قانونی اور جمہوری طریقے سے مخالفت کرے گی اور اس کا راستہ پارلیمان میں بھی روکے گی، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ